CAREERINDIA

# C

SL. No : ZZ

**CCE PF**
**CCE PR**
**REVISED**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh& Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2019 ] [ Date : 04. 04. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 100 ] [ Max. Marks : 100

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

سوالنامہ کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

Tear here

www.careerindia.com



PF + PR (C) - 630

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عرس کس طرح منایا جاتا ہے ؟
2. دھوبی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا تھا ؟
3. ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟
4. کس سائنس دان نے سب سے پہلے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا ؟
5. مصنف کے دوست نے خوش خبری سنانے کے لئے کس بات کا وعدہ لیا ؟
6. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہؔر کی عمر کیا تھی ؟
7. ڈراما ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' کے کسی ایک سفلی عناصر کا نام لکھئے۔
8. انگریزی فوج ٹیپو سلطان کے قلعہ میں کس راہ سے داخل ہوتی ہے ؟
9. شفیع الامم سے کون مراد ہیں ؟
10. ہمارا مدعا کیا ہونا چاہئے ؟
11. علاؤالدین بہمنی نے کس عیسوی میں کلبرگی کو اپنی سلطنت کا پایۂ تخت بنایا ؟
12. مائکرو ایلیکٹرانکس میں ''نانو اشیاء'' کی کیا اہمیت ہے ؟

درجِ ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 11 × 2 = 22

13. ضلعِ کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں ؟
14. ادویات سازی میں ''نانو ٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے ؟
15. سر یم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟
16. مولانا محمد علی جوہؔر نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



17. ملانصیرالدین کو کس لئے اپنے گھر میں چھپ کر بیٹھنا پڑا ؟

18. سلیمان خطیبؔ صاحب کے حلیہ کے متعلق دو، تین جملے لکھئے۔

19. ٹیپو سلطانؒ کے ساتھ غداری کرنے والوں میں کون کون شامل تھے ؟

20. حضور اکرمؐ جب حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

21. ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہیئے ؟

22. عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

23. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مراد ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

24. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

25. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔''

26. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

27. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے
کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

28. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

29. یاروں کی محبت کا یقیں کر لیا میں نے
پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا



www.careerindia.com

CAREERINDIA



30. کسی ایک نثر نگار کا تعارف لکھئے :

(i) ڈاکٹر وحید انجم (ii) وہاب عندلیب

31. کسی ایک شاعر کا تعارف لکھئے :

(i) مرزا غالبؔ (ii) اکبرالٰہ آبادی

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

32. حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

یا

پروفیسر راہیؔ کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔

33. درجِ ذیل کسی ایک نظم کے ابتدائی چار اشعار (8 مصرعے) اپنی یادداشت سے لکھئے :

(i) حمد (ii) نعت

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

34. وہ نظم جس میں حضور اکرمؐ کی تعریف وتوصیف بیان کی جاتی ہے۔

A) نعت B) غزل

C) رباعی D) قصیدہ

35. واحد، جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔

A) ایجادات B) تعمیرات

C) اوقات D) ملک



www.careerindia.com

CAREERINDIA



36. مایوس ہونا، کے معنی دینے والا محاورہ اِن میں سے یہ ہے۔

A) پارہ چڑھنا B) دل بجھ جانا

C) آنکھیں چمک اٹھنا D) ہاتھ صاف کرنا

37. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

A) مقطع B) تخلص

C) مطلع D) بیت الغزل

38. معنی کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کرو۔

A) ملول B) غمگین

C) رنجیدہ D) سعادت مند

39. درجِ ذیل میں سابقہ لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A) یادگار B) بے حد

C) دردمند D) اُردودان

40. چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔

A) رباعی B) حمد

C) نعت D) غزل

41. ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' کا تعلق اس صنفِ ادب سے ہے۔

A) خاکہ B) ڈراما

C) مضمون D) مزاح

42. مضمون کا آخری حصہ کہلاتا ہے۔

A) تمہید B) نفسِ مضمون

C) اختتام D) آغاز

www.careerindia.com

CAREERINDIA



43. والدین اور رشتہ داروں کو لکھے جانے والا خط۔

A) نجی خط B) دفتری خط

C) سرکاری خط D) کاروباری خط

44. کلمہ کی دو قسمیں ہیں ایک مستقل کلمہ اور دوسرا۔

A) نامستقل کلمہ B) بے مستقل کلمہ

C) لامستقل کلمہ D) غیر مستقل کلمہ

45. لفظ ''قدیم'' کی ضد۔

A) جدید B) اعلیٰ

C) مشکل D) زیادہ

46. اِن میں سے یہ حروفِ ربط نہیں ہے۔

A) کا B) کے

C) اِسم D) کو

47. لفظ ''قبر'' کی معنی لحد یا مزار کے ہیں تو ''خبر'' کے معنی ہیں۔

A) انجام B) اطلاع

C) ابتداء D) پوشیدہ

48. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کوئی معنی، مطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے۔

A) جملہ B) حروف

C) لفظ D) کلمہ

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 2 × 2 = 4

49. مفرد جملے کی تعریف اپنے الفاظ میں لکھئے۔

50. خاکہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-C/حصّہ - ج

51. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

i) Akbar is my friend.

ii) He is very clever.

iii) His favourite game is cricket.

52. والدِ محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیجئے۔ 1 × 4 = 4

**یا**

اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط تحریر کیجئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) تعلیم کی اہمیت

(ii) ہمارا ملک

(iii) میرا پسندیدہ کھیل

54. درج ذیل عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

پھول ہماری زندگی کا اٹوٹ حصہ ہیں۔ ہندوستانی تہذیب میں پھول کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ پھول کے بغیر شادی بیاہ کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جلسے اور دیگر خوشی کی تقریبات کے موقعوں پر پھولوں کی سجاوٹ میں لوگ لاکھوں روپیئے خرچ کر دیتے ہیں۔ پھول کو امن، دوستی اور پیار کی نشانی مانا جاتا ہے۔ اس لئے بیرونی ملکوں سے آنے والے مہمانوں کا استقبال پھولوں سے کیا جاتا ہے۔ پھول خوشبو والے بھی ہوتے ہیں اور بغیر خوشبو والے بھی۔ مگر ان دونوں کا استعمال کہیں نہ کہیں ہماری زندگی میں ضرور ہوتا ہے۔ خوشبو والے پھولوں میں گلاب بہت مشہور ہے۔ گلاب کو پھولوں کا راجا کہا جاتا ہے۔

سوالات :

(i) کس ملک کی تہذیب میں پھولوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے ؟

(ii) کن موقعوں پر پھولوں کی سجاوٹ میں لوگ لاکھوں روپیئے خرچ کر دیتے ہیں ؟

(iii) پھول کو کس کی نشانی مانا جاتا ہے ؟

(iv) پھولوں کا راجا کسے کہا جاتا ہے ؟



www.careerindia.com

www.careerindia.com